AkzoNobel

# کاروباری شراکت دار
# ضابطۂ اخلاق




اکزو نوبل (AkzoNobel) اپنا کاروبار تحفظ، ایمانداری اور پائیداری کی اپنی بنیادی اقدار کی بنیاد پر انجام دیتا ہے- ہم اپنے کاروباری شراکت داروں سے بھی ایسا ہی کرنے کی توقع کرتے ہیں- یہ ضابطہ ان بنیادی اقدار کی وضاحت کرتا ہے اور اس کی صراحت کرتا ہے جس کی AkzoNobel توقع کرتا ہے- یہ ظاہر کرتا ہے کہ ہم کس چیز کی نمائندگی کرتے ہیں-

## تعمیل

ہمارے کاروباری شراکت داروں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ان تمام قوانین اور ضوابط پر عمل کریں گے جو اس کاروبار کے لیے قابل اطلاق ہیں جو وہ AkzoNobel کے لیے انجام دیتے ہیں- ان سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ان اقدار کا اطلاق کریں گے جو اس ضابطہ میں درج کیے گئے ہیں یا مساوی اقدار کا اطلاق کریں گے- اگر اس ضابطہ کا کوئی بھی حصہ غیر واضح ہے تو انہیں وضاحت کے لیے اپنے AkzoNobel رابطہ کار سے پوچھنا چاہیے- اس ضابطہ کی عدم تعمیل، کاروباری رشتہ کے خاتمہ سمیت، اقدامات کا بھی باعث بن سکتی ہے-

ہم تصدیق کرتے ہیں کہ اس ضابطہ میں فراہم کردہ بنیادی اقدار کی تعمیل کریں گے-

نام ______________________

کمپنی کا نام ______________________

تاریخ ______________________

دستخط

## تحفظ

### لوگوں کا تحفظ

ہمارے کاروباری شراکت دار جو مقام کار فراہم کرتے ہیں ان کا محفوظ ہونا لازمی ہے- ملازمین اور ٹھیکیداروں کو حفاظتی اصولوں سے آگاہ کیا جانا اور، کام کے وقت، گاہکوں سے ملنے یا سفر کرنے کے وقت، ہمیشہ ان کا اطلاق کرنے کی ہدایت دیا جانا لازمی ہے- حفاظتی معاملات کے نظم کے لیے ایک کارروائی موجود ہے-

### کارروائی کا تحفظ

یہ اہم ہے کہ ہمارے کاروباری شراکت دار ہمارے لیے اپنی سرگرمیوں جیسے تحقیق، مصنوعہ سازی اور نقل و حمل کے نتیجہ میں پیش آنے والے خطرات، چوٹوں، ضیاع یا نقصان کے آپریشنل خطرات کی باقاعدہ تشخیص کریں اور انہیں کنٹرول کریں- ان کے ملازمین اور ٹھیکیداروں کے لیے حفاظتی کارروائیوں پر عمل کرنا لازمی ہے، اور حفاظتی خطرات اور معاملات کی اطلاع فوری طور پر دی جانی لازمی ہے-

### مصنوعہ کا تحفظ

ہمارے کاروباری شراکت داران کے لیے لازمی ہے کہ وہ مصنوعہ کے تحفظ کے ضوابط پر عمل کریں، مصنوعات پر مناسب طریقہ سے لیبل لگائیں اور مصنوعہ کو سنبھالنے سے متعلق شرائط کے بارے میں وضاحت کریں- AkzoNobel کے لیے تیار کردہ اور مہیا کردہ مصنوعات کے ربط میں آنے والے لوگوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ خطرناک مواد کی زد میں آنے سے محفوظ رکھے جائیں- AkzoNobel کو مہیا کی جانے والی مصنوعات، اور ان مصنوعات کی تیاری کے لیے استعمال کیے جانے والے خام مال، مصنوعہ سے متعلق تمام قابل اطلاق ضابطہ جاتی شرائط کو پورا کرتے ہیں-

AN_204757_071221

AkzoNobel

# ایمانداری

## مخلصانہ کاروباری ضابطہ

ہم توقع کرتے ہیں کہ ہمارے تمام کاروباری شراکت داران منصفانہ طریقہ سے اور ایمانداری کے ساتھ کاروبار کریں- وہ کسی غیر قانونی اور نامناسب کام کرنے کی ترغیب دلانے کے لیے نقدی، تحائف یا دیگر مراعات کی پیشکش، وعدہ، لین دین، قبول یا اس کی درخواست نہیں کریں گے- اس میں تسہیلی ادائیگیاں کرنا شامل ہے- تسہیلی ادائیگیاں ایسی ادائیگیاں ہوتی ہیں جو حکام کو معمول کے کام کرنے کے لیے ترغیب دلانے کی خاطر کی جاتی ہیں جنہیں وہ بصورت دیگر کرنے کے پابند ہوتے ہیں-

AkzoNobel کے ساتھ یا اس کی جانب سے کاروباری سودے میں داخل ہونا یا کچھ شرائط و ضوابط قبول کرنا تحائف یا ضیافت سے متاثر نہیں ہو سکتا ہے-

ہمارے کاروباری شراکت داران AkzoNobel کے ملازمین کو معمولی قیمت سے زیادہ کے تحائف یا ضیافت کی پیشکش نہیں کرتے ہیں- وہ، کسی بھی صورتحال میں AkzoNobel کی طرف سے کام کرتے ہوئے، کبھی بھی ہمارے ملازمین کو نقدی یا نقدی کے مماثل جیسے کہ گفٹ کارڈز کی پیشکش نہیں کرتے ہیں، الّا یہ کہ وہ AkzoNobel کے کسٹمر انسینٹیوز پروگرام رولز اینڈ پروسیجر کے مطابق ہوں-

## معقول مقابلہ

ہمارے کاروباری شراکت داران معقول طریقہ سے مقابلہ کرتے ہیں اور مقابلہ اور عدم اعتماد کے قوانین کی تعمیل کرتے ہیں- وہ ایسے معاہدے یا عمل نہیں کرتے ہیں جن سے مقابلہ پر تحدیدی اثر پڑتا ہو، جیسے قیمت کی تعیین، مارکیٹ کی تخصیص یا غالب پوزیشن کا غلط استعمال- وہ AkzoNobel کو یا اس کی طرف سے گمراہ کن طریقہ سے مصنوعات یا خدمات کی پیشکش نہیں کرتے ہیں-

## تجارتی کنٹرولز

یہ ضروری ہے کہ ہمارے کاروباری شراکت داران ایکسپورٹ کنٹرول کے ان ضوابط کی تعمیل کریں جو ان کے کاروبار اور AkzoNobel کے لیے قابل اطلاق ہیں، اور یہ کہ وہ بوقت ضرورت AkzoNobel، کسٹمز اور دیگر حکام کو اس کے بارے میں درست اور سچی معلومات فراہم کریں- وہ ہمارے ساتھ اپنے کاروبار پر لاگو ہونے والی تجارتی پابندیوں کی نشاندہی کرتے ہیں اور ان کا نظم کرتے ہیں، جن میں پابندی شدہ ممالک اور جماعتیں بھی شامل ہیں-

## دانشورانہ املاک اور خفیہ معلومات

ہم توقع کرتے ہیں کہ ہمارے کاروباری شراکت داران دانشورانہ املاک کے حقوق کا احترام کریں گے، جس میں AkzoNobel کے حقوق بھی شامل ہیں- AkzoNobel کی اس خفیہ معلومات کے انکشاف یا غیر مجاز استعمال کی روک تھام کے لیے موزوں اقدامات کا پایا جانا لازمی ہے جو انہیں مہیا کی جاتی ہے-

## ذاتی ڈیٹا

ہمارے کاروباری شراکت داران AkzoNobel کے ملازمین کے ذاتی ڈیٹا کی حفاظت کرتے ہیں اور یہ ڈیٹا صرف جائز اور مجاز کاروباری مقاصد کے لیے استعمال کرتے ہیں- انہیں اس بارے میں واضح معلومات ہونی چاہیے کہ وہ ذاتی ڈیٹا کب اور کس طرح جمع کریں، استعمال کریں یا بانٹیں- وہ ڈیٹا کے تحفظ کے لیے موزوں حفاظتی اقدامات کرتے ہیں-

## مفاد کا ٹکراؤ

AkzoNobel کے کاروباری سودوں کے ضمن میں ہمارے کاروباری شراکت داران کے ملازمین جو فیصلے لیتے ہیں وہ ذاتی یا نجی مفادات سے متاثر نہیں ہو سکتے- AkzoNobel کے کسی ملازم کے ساتھ ذاتی یا دوستانہ رشتے ملازم کے کاروباری فیصلے پر اثر انداز ہونے کے لیے استعمال نہیں کیے جا سکتے- اگر کسی ملازم کا AkzoNobel کے کسی ملازم کے ساتھ رشتہ ہے، اور یہ کسی سودے یا کاروباری رشتہ میں مفاد کے امکانی ٹکراؤ کی نمائندگی کر سکتا ہے تو ہمارے کاروباری شراکت داران کے لیے AkzoNobel کے سامنے اس حقیقت کا انکشاف کرنا یا یہ یقینی بنانا لازمی ہے کہ AkzoNobel کا ملازم انکشاف کرے- ہمارے کاروباری شراکت داران AkzoNobel کے ساتھ یا اس کے لیے سودوں کو متاثر کرنے کے لیے سیاسی جماعتوں کو مالی یا دیگر تعاون فراہم نہیں کرتے ہیں-

## حصص میں تجارت کرنا

ہمارے کاروباری شراکت داران، AkzoNobel سے موصول ہونے والی خفیہ معلومات کا استعمال کرتے ہوئے، سکیورٹیز میں تجارت نہیں کر سکتے ہیں، یا ایسا کرنے کے لیے دوسروں کی حوصلہ افزائی نہیں کر سکتے ہیں-

## کمپنی کے وسائل

اگر وہ لوگوں، سسٹمز، نیٹ ورکس اور سہولیات سمیت، AkzoNobel کے وسائل استعمال کرتے ہیں یا ان تک رسائی حاصل کرتے ہیں تو لازمی ہے کہ ہمارے کاروباری شراکت داران ان وسائل کو، AkzoNobel کی ہدایات کے مطابق اور صرف ان کے مطلوبہ کاروباری مقصد کے لیے، استعمال کریں-

## ریکارڈ رکھنا

ہم اپنے کاروباری شراکت داران سے توقع کرتے ہیں کہ وہ AkzoNobel کے ساتھ اپنے سودوں سے متعلق درست، مکمل اور تازہ ترین ریکارڈ رکھیں- ان ریکارڈز کو قابل اطلاق قوانین کے مطابق برقرار رکھا جانا لازمی ہے-

## دھوکا دہی کو روکنا

ہمارے کاروباری شراکت داران کے پاس ایسے داخلی کنٹرولز کا ہونا لازمی ہے جو دھوکا دہی اور منی لانڈرنگ کا پتہ لگائے، انہیں روکنے اور ان کے تئیں ردعمل ظاہر کرنے کے لیے تیار کیے گئے ہوں- سودوں کو مناسب طریقہ سے ریکارڈ کیا جانا لازمی ہے اور یہ نظرثانی کے تابع ہوں گے- AkzoNobel پر اثر انداز ہو سکنے والی کسی بھی ممکنہ دھوکا دہی کی اطلاع ہمارے SpeakUp! طریقۂ کار کا استعمال کرتے ہوئے فوری طور پر دینا لازمی ہے- مزید معلومات یہاں سے حاصل کی جا سکتی ہیں: [EthicsPoint - AkzoNobel.]

## مناسب مواصلات

مضبوط رشتہ کے لیے ہمارے ساتھ حقائق پر مبنی اور بر وقت مواصلات ناگزیر ہے- ہمارے کاروباری شراکت داران بغیر اجازت کے ہماری خفیہ معلومات کا انکشاف نہیں کریں گے- وہ کاروباری مواصلات پر دھیان سے غور کرتے ہیں اور یقینی بناتے ہیں کہ وہ اعلی معیار پر پورے اتریں- وہ ہماری منظوری کے بغیر ہمارے، ہماری مصنوعات یا ہمارے کاروباری رشتہ کے بارے میں پریس ریلیز جاری نہیں کریں گے-

# پائیداری

## انسانی حقوق

ہمارے کاروباری شراکت داران تمام لوگوں کے انسانی حقوق کو تسلیم کرتے ہیں جیسا کہ انسانی حقوق کے عالمی اعلامیہ اور بزنس اینڈ ہیومن رائٹس سے متعلق اقوام متحدہ کے رہنما اصولوں میں بیان کیا گیا ہے- وہ انسانی حقوق کی خلاف ورزی سے بچنے اور ہمارے لیے انجام دی جانے والی سرگرمیوں کے نتیجہ میں اور ہمارے لیے تیار کردہ مصنوعات سے انسانی حقوق پر پڑنے والے اثر کو دور کرنے کی ذمہ داری قبول کرتے ہیں-

## ملازمتی رشتے

کاروباری شراکت دار کے وہ ملازمین جو بائر کیے اور رکھے جاتے ہیں وہ کام کے لیے موزوں ہونے چاہئیں- ہمارے کاروباری شراکت داران مقام کار میں بنیادی اصولوں اور حقوق سے متعلق انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (ILO) کے اعلامیہ کے اصول لاگو کرنے کے تئیں عہدبند ہیں- لوگوں کو ان کی مرضی کے خلاف ملازمت میں نہیں رکھا جاتا ہے، استحصال کے لیے منتقل نہیں کیا جاتا ہے، غلامی یا محکومیت میں نہیں رکھا جاتا ہے، نہ ہی انہیں ان کے حقوق سے محروم کیا جاتا ہے- قانونی کم سے کم عمر کی شرائط جو متعلقہ ILO کنونشنز اور آپریشن کے ممالک کے قوانین میں بیان کی گئی ہیں ان کی تعمیل کی جاتی ہے اور 16 سال سے کم عمر کے بچے ملازمت میں نہیں رکھے جاتے ہیں-

جن لوگوں کے ساتھ ہمارے کاروباری شراکت داران سودا کرتے ہیں ان کے ساتھ وقار اور احترام کا سلوک کیا جاتا ہے- ہمارے کاروباری شراکت داران ثقافت، قومیت، نسل، مذہب، صنف، سیاسی ترجیح، معذوری، ایسوسی ایشن، جنسی رجحان یا پھر عمر کے واسطہ سے براساں یا امتیاز نہیں کرتے ہیں-

معقول اور منصفانہ رہنے کے لیے اوقات کار اور معاوضہ سے متعلق قوانین کی تعمیل لازمی ہے- اوور ٹائم کے لیے معاوضہ ادا کیا جاتا ہے اور بوقت ضرورت چھٹی دی جاتی ہے- آزادئ رائے اور ایسوسی ایشن کے انفرادی حقوق، بشمول اجتماعی سودے بازی کے حق، کا احترام کیا جاتا ہے-

## ماحول اور کمیونٹی

ہمارے کاروباری شراکت داران تمام متعلقہ ماحولیاتی قوانین کی تعمیل کرتے ہیں اور یقینی بناتے ہیں کہ وہ ضروری اجازت نامے موجود ہوں- وہ فضلہ، اخراج اور شور و غل کو کم کرتے ہوئے خام مواد، توانائی اور دیگر قدرتی وسائل کے مؤثر استعمال کے تئیں عہدبند ہیں- وہ ان کمیونٹیز کی پرواہ کرتے ہیں جن میں وہ کام کرتے ہیں، اور ان کی تشویشات سنتے ہیں-

## شکایت

ہمارے شراکت داران اپنے ملازمین اور دیگر دلچسپی رکھنے والے فریقوں کو قوانین کی خلاف ورزی یا ممکنہ خلاف ورزی اور اس ضابطہ میں فراہم کردہ اقدار کے بارے میں تشویشات ظاہر کرنے کا ایک طریقۂ کار فراہم کرتے ہیں- یہ تشویشات منصفانہ اور شفاف طریقہ سے حل کی جائیں گی- ہمارے کاروباری شراکت داران رازداری کا تحفظ کرتے ہیں اور ان لوگوں کے خلاف انتقامی کارروائی کو روکتے ہیں جو تشویش ظاہر کرتے ہیں-

## ذیلی ٹھیکیدار کی تعمیل

کوئی بھی ایسا فریق جس کے ساتھ ہمارے کاروباری شراکت داران AkzoNobel کی جانب سے شامل ہوتے ہیں یا AkzoNobel کے فائدے کے لیے کام کرتے ہیں اسے اس ضابطہ میں بیان کردہ اقدار سے آگاہ کیا جائے گا اور ان کے مطابق کارروائی کرنے کا پابند کیا جائے گا-

AN_204757_071221

گروپ سے ملحقہ اداروں کے تمام کاروباری شراکت داران پر لاگو ہوتے ہیں- مزید اعلی معیار کی مخصوص معاہدہ جاتی شرائط ان AkzoNobel یہ ضابطہ ایسی عمومی شرائط پر مشتمل ہے جو عمومی شرائط پر فوقیت رکھتی ہیں- اگر قانون اور اس ضابطۂ اخلاق کے مابین کوئی ٹکراؤ پایا جاتا ہے تو قانون کو بالادستی حاصل ہوگی- © 2020 Akzo Nobel N.V. جملہ حقوق محفوظ ہیں-